# اکتوبر 1

''آپ جس دن بھی کوئی کام شروع کریں گے وہ 'آج' کا دن ہو گا''۔

خدا ہمیں اپنے بیٹے یسوع جیسا بنانا چاہتا ہے۔ آپ زندگی بدلنے والے اِس تجربے کا آغاز آج سے ہی کر سکتے ہیں۔ کسی دانش ور کا قول ہے کہ ہزاروں میل سفر کا آغاز بھی پہلا قدم اُٹھانے سے ہوتا ہے۔ اگر آپ پہلا قدم اُٹھانے اور دُعا کرنے کے لئے تیار ہیں تو خدا آج ہی اِس تبدیلی کے عمل کا آغاز کرنے کے لئے تیار ہے۔ آگے بڑھیں اور ایسا شخص بنیں جو خدا پر بھروسا رکھتا اور اپنے ایمان کا عملی اظہار کرتا ہے۔

آپ جس دن بھی کوئی کام شروع کریں گے وہ 'آج' کا دن ہو گا۔

آج کے لئے دعا: اے خدا! مجھے ایسا شخص بنا جس سے تُو خوش ہو اور مجھے اپنے بیٹے جیسا بنانے کا آج سے ہی آغاز کر۔ مجھے فضل دے کہ مَیں یہ جانتے ہوئے زندگی کے چیلنجوں کا سامنا کروں کہ تُو میرے ساتھ ہے اور اپنی راہ پر میری راہنمائی کر رہا ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

زبور 7:95 ''کیونکہ وہ ہمارا خدا ہے اور ہم اُس کی چراگاہ کے لوگ اور اُس کے ہاتھ کی بھیڑیں ہیں۔ کاش کہ آج کے دن تم اُس کی آواز سنتے''۔

رومیوں 2:12 ''اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صورت بدلتے جاؤ تاکہ خدا کی نیک اور پسندیدہ اور کامل مرضی تجربہ سے معلوم کرتے رہو''۔

# اکتوبر 2

''ہم اپنے کاموں سے اپنی شخصیت اور یقین/عقیدے کا اِظہار کرتے ہیں''۔

کیا آپ قابلِ توثیق ہیں؟ لوگ اپنے کاموں سے پہچانے جاتے ہیں۔ لہٰذا ہم جو کچھ زندگی میں کرتے ہیں اُس کی بنیاد پر ہمیں پرکھا جانا جائز ہے۔کوئی آپ سے یہ توقع کیوں رکھے کہ جو کچھ آپ ماضی میں کرتے رہے ہیں اب آپ اُس سے عمل یا ردِعمل دکھائیں گے؟ اُس وقت کا انتظار کرنا موزوں نہیں کہ جب حالات بہتر ہوں گے تو ہم درست قدم اُٹھائیں گے۔

جو کچھ آپ ابھی کر رہے ہیں اُس سے اِس بات کا یقین ہوتا ہے کہ آپ کون ہیں اور کس پر ایمان رکھتے ہیں۔ اگر آپ اپنی موجودہ حالت سے خوش نہیں تو تبدیل ہوں۔ آج ہی سے اپنی زندگی میں ایک نئے باب کا آغاز کریں۔

آج کے لئے دعا: اے باپ! مَیں جانتا ہوں کہ جو بیج مَیں آج بو رہا ہوں اُس سے میری مستقبل کی فصل کا تعین ہو گا۔ خداوند میری مدد فرما کہ مَیں صابر، مہربان، دانش مند بنوں اور جو کچھ میرے پاس ہے اُس سے تیرے لئے بہترین خدمت سرانجام دُوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

لوقا 10:16 ''جو تھوڑے میں دیانت دار ہے وہ بہت میں بھی دیانت دار ہے اور جو تھوڑے میں بد دیانت ہے وہ بہت میں بھی بد دیانت ہے''۔

اِفسیوں 8:6 ''کیونکہ تم جانتے ہو کہ جو کوئی جیسا اچھا کام کرے گا خواہ غلام ہو خواہ آزاد خداوند سے ویسا ہی اجر پائے گا''۔

# اکتوبر 3

''ہو سکتا ہے معاف کرنے والا معافی کی قیمت ادا کرے، لیکن بحال کرنے کی ذمہ داری غلطی کرنے والے پر عائد ہوتی ہے''۔

معافی اور بحالی میں ایک بڑا فرق پایا جاتا ہے۔ معافی ایک حق ہے جب کہ بحالی ایک ذمہ داری ہے۔ ہر خطا کار کو خدا کی طرف سے یہ حق ملا ہے کہ اُس کی خطائیں معاف کی جائیں اور ہر ایمان دار کو معاف کرنے کا حکم ملا ہے کیونکہ خدا نے ہمارے قصور بھی معاف کئے ہیں۔ تاہم معافی، بحالی کے برابر نہیں۔ ایک ٹوٹا ہوا تعلق اُس وقت بحال ہوتا ہے جب قصور وار اپنے قصور کا اقرار کرتا اور ہر ممکن حد تک پورے دل سے اُس کی تلافی کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ حقیقی توبہ اور شکستہ دلی اِس بات کا نشان ہیں کہ قصور وار معاف کئے جانے کی قدر و قیمت کو سمجھتا اور عہد کرتا ہے کہ مستقبل میں اِس طرح کی غلطی نہیں کرے گا۔ اگر کسی نے آپ کو دُکھ پہنچایا ہے تو اُسے معاف کر دیں۔ لیکن اگر آپ کسی کے قصور وار ہیں اور آپ کو معاف کر دیا گیا ہے تو اپنی ذمہ داری قبول کریں۔ جہاں تک ممکن ہو سکے اپنی غلطی کی تلافی کریں اور حلیمی سے عہد کریں کہ آئندہ ایسی غلطی نہیں کریں گے۔ شاید خدا آپ کا وہ تعلق بحال کر دے جسے آپ خراب کر بیٹھے ہیں۔

آج کے لئے دُعا: پیارے خداوند! مجھے فضل دے تا کہ مَیں اُن لوگوں کو معاف کر سکوں جو میری توقعات پر پورے نہ اُتر سکے یا اُنہوں نے مجھے نقصان پہنچایا۔ میری مدد کر کہ مَیں اُن کے ساتھ اپنا تعلق بحال کر سکوں۔ اے باپ! مجھے یہ فضل اور حلیمی بھی عطا فرما کہ مَیں اُن لوگوں کے ساتھ بھی تعلق بحال کر سکوں جنہیں مَیں نے دُکھ دیا یا نقصان پہنچایا ہے۔ خداوند تیرا شکر ہو۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

متی 6: 14-15 ''اِس لئے کہ اگر تم آدمیوں کے قصور معاف کرو گے تو تمہارا آسمانی باپ بھی تم کو معاف کرے گا۔ اور اگر اگر تم آدمیوں کے قصور معاف نہ کرو گے تو تمہارا باپ بھی تمہارے قصور معاف نہ کرے گا''۔

اَمثال 19:18 ''رنجیدہ بھائی کو راضی کرنا محکم شہر لے لینے سے زیادہ مشکل ہے اور جھگڑے قلعوں کے بینڈوں کی مانند ہیں۔''

# اکتوبر 4

''ہم جن لوگوں کے ساتھ منسلک ہوتے ہیں وہ ہمارے مستقبل کا تعین کر سکتے ہیں''۔

نوح کی تین بہوئیں سیلاب میں ہلاک ہونے سے بچ گئیں اور سیلاب کے بعد پیدا ہونے والے انسانوں کی مائیں بن گئیں۔ اُنہیں یہ اعزاز ملنے کی وجہ کیا تھی؟ اُنہوں نے ایک عمومی سا فیصلہ کرنے سے بڑھ کر کچھ نہیں کیا تھا: مَیں اپنی زندگی کس سے منسلک کروں؟ لوگ ہر روز کسی نہ کسی سے تعلق بنانے، شادی کرنے، دوستی کرنے اور شراکت داری کا فیصلہ کرتے ہیں جو بھلائی یا برائی اور کامیابی یا ناکامی کے لئے اُن کی زندگیوں پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

ہم جن لوگوں کے ساتھ تعلقات اُستوار کرتے ہیں اُن سے ہمارے مستقبل کا تعین ہو گا۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہم بھی اپنے ساتھ وابستہ لوگوں پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ لوہا لوہے کو تیز کر سکتا یا کند بنا سکتا ہے۔ آپ کس کے ساتھ وابستہ ہیں؟ اِس سچائی کی روشنی میں اپنے تعلقات کا جائزہ لیں۔

آج کے لئے دعا: خداوند خدا! میری مدد و راہنمائی کر تا کہ مَیں صحیح لوگوں کے ساتھ تعلقات اُستوار کر سکوں۔ مجھے سکھا تا کہ مَیں دانش مندی سے اپنے لئے دوستوں کا انتخاب کروں اور میری مدد کر کہ مَیں ایسا دوست اور ساتھی بنوں جو دوسروں کی تجھ میں بڑھنے میں مدد کر سکے۔ اے خدا! مجھے بُری صحبتوں سے بچا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

1۔کرنتھیوں 33:15 ''بُری صحبتیں اچھی عادتوں کو بگاڑ دیتی ہیں''۔

اَمثال 14:4 ''شریروں کے راستے میں نہ جانا اور بُرے آدمیوں کی راہ میں نہ چلنا''۔

# اکتوبر 5

''یہ زندگی کا سلسلہ ہے کہ جو کام شروع ہوتے ہیں وہ ختم بھی ہوتے ہیں''۔

زندگی کا ہر مرحلہ ہمیں مواقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اُن باتوں یا طریقوں سے آگے بڑھیں جو ماضی میں ہمارے لئے مفید تھے اور ہمیں یہاں تک پہنچایا۔ اب وقت ہے کہ ہم نئی باتوں کو اپنائیں جو ہمیں اِس مقام سے آگے لے جائیں گی۔ زندگی اور اُس کی تمام تر پیچیدگیوں کے لئے موزوں تیاری یہ ہے کہ ہم اپنے آپ کو اور دوسروں کو یہ سچائی سکھائیں۔

یہ زندگی کا سلسلہ ہے کہ جو کام شروع ہوتے ہیں وہ ختم بھی ہوتے ہیں۔ بنی نوعِ انسان کے لئے خدا کا یہی طریقہ کار ہے۔ تاہم خدا کا کلام ہمیشہ قائم رہے گا۔

آج کے لئے دعا: اے خداوند! مجھے زندگی کے مراحل پہچاننے کا فضل دے۔ یہ جاننے میں میری مدد کر کہ کب کسی کام کو شروع کرنا اور کب ختم کرنا ہے۔ زندگی میں آنے والی تبدیلیوں کے دوران مجھے اطمینان بخش اور مجھے میرے بہترین دن کی طرف بڑھا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

وعظ 3:1-2 ''ہر چیز کا ایک موقع اور ہر کام کا جو آسمان کے نیچے ہوتا ہے ایک وقت ہے۔ پیدا ہونے کا ایک وقت ہے اور لگائے ہوئے کو اُکھاڑنے کا ایک وقت ہے''۔

1۔ پطرس 1:24-25 ''ہر بشر گھاس کی مانند ہے اور اُس کی ساری شان وشوکت گھاس کے پھول کی مانند۔ گھاس تو سوکھ جاتی ہے اور پھول گر جاتا ہے۔ لیکن خداوند کا کلام ابد تک قائم رہے گا۔ یہ وہی خوش خبری کا کلام ہے جو تمہیں سنایا گیا تھا''۔

# اکتوبر 6

''یہ زندگی کا سلسلہ ہے کہ جو کام شروع ہوتے ہیں وہ ختم بھی ہوتے ہیں۔ زندگی میں آغاز و اختتام اور نشیب وفراز کا چکر چلتا رہتا ہے۔''

زندگی کا سفر اونچے نیچے، ہموار، ٹیڑھے راستوں اور وادیوں اور میدانوں میں جاری رہتا ہے۔ یوسف کی طرح ہم بھی پیدائش سے موت تک اچھے اور بُرے وقت کا تجربہ کرتے رہتے ہیں۔ اِس بات کا انحصار آپ پر ہے کہ آپ کس پر توجہ دیں گے۔ آپ کا نقطہ نظر ہی سب کچھ ہے۔ نصف گلاس پانی دیکھ کر آپ کیا کہیں گے: گلاس آدھا خالی ہے یا آدھا بھرا ہوا ہے؟ آپ کے سامنے مسئلہ ہے یا موقع؟ یہ فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

یہ زندگی کا سلسلہ ہے کہ جو کام شروع ہوتے ہیں وہ ختم بھی ہوتے ہیں۔ زندگی میں آغاز و اختتام اور نشیب وفراز کا چکر چلتا رہتا ہے۔ کسی غلط فہمی میں نہ رہیں کیونکہ خدا اپنے تخت پر موجود ہے۔

آج کے لئے دعا: اے خدا! میری مدد فرما کہ مَیں مصیبت کے دن مایوس نہ ہو جاؤں۔ مہربانی سے مجھے یہ جاننے کا فضل دے کہ اونچے نیچے راستوں کے بعد ہموار میدان آتا ہے اور رات کے بعد دن کی روشنی پھیلنے لگتی ہے۔ تُو ہمیشہ تخت نشین ہے اور ہر چیز سے میرے لئے بھلائی پیدا کرتا ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

زبور 19:34 ''صادِق کی مصیبتیں بہت ہیں لیکن خداوند اُس کو اُن سب سے رہائی بخشتا ہے''۔

زبور 13:27 ''اگر مجھے یقین نہ ہوتا کہ زندوں کی زمین میں خداوند کے احسان کو دیکھوں گا تو مجھے غش آ جاتا''۔

# اکتوبر 7

''زندگی میں ایک سلسلہ، ایک چکر اور ایک راز ہے کہ آپ جو بوتے ہیں وہی کاٹتے ہیں''۔

پیدائش باب 1 میں زندگی کا اُصول یہ بیان کیا گیا ہے کہ تمام جان دار اپنی جنس کے موافق جان دار پیدا کریں گے اور تمام بیج اپنی جنس کے موافق جان دار پیدا کریں گے اور تمام بیج اپنی جنس کے موافق پھل دیں گے۔ فصل حاصل کرنے کے متعلق کوئی پوشیدہ بھید نہیں۔ آپ جتنی فصل حاصل کرنا چاہتے ہیں اُس کے مطابق بیج بوئیں، پانی دیں، جڑی بوٹیاں نکال دیں اور صبر سے پھل کا اِنتظار کریں۔ یہ صرف فطری دنیا کا عمل نہیں بلکہ روحانی عالم میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔

زندگی کا راز یہ ہے کہ آپ جو بوتے ہیں وہی کاٹتے ہیں۔ آپ زندگی سے کیا چاہتے ہیں؟ کیا آپ چاہتے ہیں کہ دوسرے آپ کے ساتھ مہربانی اور دوستانہ طور پر پیش آئیں؟ زندگی کی بنیادی ضروریات میں آپ کو مدد ملے؟ آپ کے کام کو سراہا جائے اور آپ کو ترقی ملے؟ آپ کی حوصلہ افزائی کی جائے؟ آپ کے گھر میں اِطمینان ہو؟ دِلی شادمانی حاصل ہو؟ مستقبل کے لئے مالی وسائل میسر ہوں؟ تو پھر یہ بیج بوئیں!

آج کے لئے دعا: اے خداوند! مجھے وہ جگہیں دکھا جہاں مَیں نے ایسے بیج بوئے ہیں جن کی مَیں فصل نہیں کاٹنا چاہتا اور اُن جگہوں پر وہ بیج گل سڑ جائیں۔ اے خدا! مجھے وقت اور حکمت دے تاکہ مَیں اپنی زندگی کے باغیچے میں نئے بیج بوؤں اور مجھے یاد دِلاتا رہ کہ مَیں اپنی ہر سوچ، فعل اور قول سے اپنے اور اپنے خاندان کے مستقبل کے لئے بیج بو رہا ہوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

پیدائش 22:8 ''جب تک زمین قائم ہے بیج بونا اور فصل کاٹنا، سردی اور تپش، گرمی اور جاڑا، دن اور رات موقوف نہ ہوں گے۔''

اِفسیوں 8:6 ''کیونکہ تم جانتے ہو کہ جو کوئی جیسا اچھا کام کرے گا خواہ غلام ہو خواہ آزاد خداوند سے ویسا ہی پائے گا۔''

گلتیوں 7:6 ''فریب نہ کھاؤ۔ خدا ٹھٹھوں میں نہیں اُڑایا جاتا کیونکہ آدمی جو کچھ بوتا ہے وہی کاٹے گا''۔

# اکتوبر 8

''عارضی صورتِ حال کو مستقل مسئلہ نہ بننے دیں۔''

قریباً ہر روز ہم زندگی کے چھوٹے موٹے مسائل کے باعث پریشانی کا سامنا کرتے ہیں۔ ہم سب گھر، سکول، کام کی جگہ پر یا دوستوں کے ساتھ مختلف اُلجھنوں سے نپٹتے ہیں۔ اگر ہم اِن مسائل کو موزوں طور پر حل نہ کریں تو یہ قابلِ حل نہیں رہیں گے اور شدید ذہنی و جذباتی دباؤ کا باعث بنیں گے۔

مثلاً اِزدواجی رِشتے غور کریں۔ کئی جوڑے ایسے ناقابلِ سمجھوتا اِختلافات پر ایک دوسرے سے الگ ہو جاتے یا طلاق لے لیتے ہیں جن کا آغاز معمولی نااتفاقی سے ہوا تھا۔ اپنی مصروف زندگی یا ضبطِ نفس کی کمی کے باعث کنکروں کو پہاڑ مت بننے دیں۔ عارضی مسائل نپٹانے کی عادت اپنائیں اور اُنہیں مستقل مشکلات نہ بننے دیں۔ ایسا کرنے کی بجائے دعا کریں اور زندگی کے متعلق درست نقطہ نظر اپنائیں۔

آج کی دعا: اے خداوند! آج پھر مجھے تیری مدد چاہئے تاکہ روزمرہ کے مسائل اور مشکلات سے پریشان نہ ہو جاؤں۔ مجھے ضبطِ نفس سکھا اور یاد دِلاتا رہ کہ مجھ پر اثرانداز ہونے والی تمام باتوں کا تعلق ہمیشہ مجھ سے نہیں ہوتا۔ مجھے ڈھانے والا نہیں بلکہ تعمیر کرنے والا بنا اور میری مدد فرما کہ مَیں مجموعی صورتِ حال پر نگاہ رکھ سکوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

گلتیوں 5:22-26 ''مگر روح کا پھل محبت، خوشی، اِطمینان، تحمل، مہربانی، نیکی، ایمان داری، حلم، پرہیز گاری ہے۔ ایسے کاموں کی کوئی شریعت مخالف نہیں اور جو مسیح یسوع کے ہیں اُنھوں نے جسم کو اُس کی رغبتوں اور خواہشوں سمیت صلیب پر کھینچ دیا ہے۔ اگر ہم روح کے سبب سے زندہ ہیں تو روح کے موافق چلنا بھی چاہئے۔ ہم بے جا فخر کر کے نہ ایک دوسرے کو چڑائیں نہ ایک دوسرے سے جلیں۔''

# اکتوبر 9

''کمائیں، زندگی کو بامقصد بنائیں اور مثبت تبدیلی لائیں''۔

بعض لوگ دولت کمانے میں اِتنا وقت گزارتے ہیں کہ زندگی کو بامقصد بنانا بھول جاتے ہیں۔ وہ اچھے اور بڑے عہدوں پر فائز ہوتے ہیں اور بڑی بڑی تنخواہیں وصول کرتے ہیں۔ لیکن اُن کی اولاد، والدین یا دوست اُن سے اچھی طرح آشنا نہیں ہو پاتے۔ جب کہ بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ زندگی روپیہ پیسہ کمانے اور چیزیں خریدنے سے بڑھ کر ہے۔ وہ اپنا وقت، توانائی اور اپنی کمائی ہوئی دولت زندگی کو بامقصد بنانے پر صرف کرتے ہیں۔ تاہم زندگی یہاں رُک نہیں جاتی۔

خدا نے ہمیں ایک منصوبے کے ساتھ خلق کیا ہے۔ اُس نے ہمیں اپنا کلام اور روح عطا کیا ہے تاکہ ہم اِس طرح کمائیں اور زندگی کو بامقصد بنائیں کہ اُس سے دنیا میں مثبت تبدیلی لاسکیں۔ آپ ایک حقیقی اور مستقل تبدیلی لانے کے لئے کیا کر رہے ہیں؟

آج کے لئے دعا: اے خداوند! زندگی کی ترجیحات مجھ پر واضح کر۔ مجھے اپنے کلام کے آئین سکھا تاکہ مَیں بہتر طور پر کماؤں، زندگی کو بہتر طور پر بسر کروں اور ایک بڑی تبدیلی کا باعث بنوں۔ یہ جاننے میں میری مدد کر کہ مجھے کب 'ہاں' اور کب 'نہیں' کہنا ہے۔ مجھے غلط دوڑ میں شامل ہونے سے بچا اور اپنی زندگی کے سب سے بڑے دن کے لئے تیار ہونے میں میری راہنمائی فرما۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

2۔ تھسلنیکیوں 10:3 ''جب ہم تمہارے پاس تھے اُس وقت بھی تم کو یہ حکم دیتے تھے کہ جسے محنت کرنا منظور نہ ہو وہ کھانے بھی نہ پائے۔''

1۔ تیمتھیس 8:5 ''اگر کوئی اپنوں اور خاص کر اپنے گھرانے کی خبر گیری نہ کرے تو ایمان کا منکر اور بے ایمان سے بدتر ہے۔''

متی 21,20:6 ''بلکہ اپنے لئے آسمان پر مال جمع کرو جہاں نہ کیڑا خراب کرتا ہے اور نہ زنگ اور نہ وہاں چور نقب لگاتے اور چراتے ہیں کیونکہ جہاں تیرا مال ہے وہیں تیرا دل بھی لگا رہے گا۔''

# اکتوبر 10

''ایک خاص وجہ کے تحت ونڈ اسکرین بڑی اور عقبی شیشے چھوٹے رکھے جاتے ہیں۔''

مجھے بتایا گیا کہ بیس بال کا کھلاڑی جب بلا بازی کے لئے آتا ہے تو اُس کو درپیش سب سے بڑا چیلنج گیند پھینکنے والے کھلاڑی کی طرف سے نہیں ہوتا بلکہ اُس کی اپنی کارکردگی ہوتی ہے۔ اگر اُس نے پہلے اچھی کارکردگی دِکھائی ہو تو دوبارہ اُسی طرح کھیلنے کے دباؤ میں ہوتا ہے۔لیکن اگر وہ پچھلی بار ایسا نہیں کر پایا تو وہ اِس خوف کے ساتھ کھیلتا ہے کہ کہیں اب بھی ناکام نہ ہو جائے۔سب سے بڑا چیلنج کھلاڑی کے ذہن میں ہوتا ہے خواہ وہ بلا باز ہو یا گیند باز۔ ہماری ماضی کی کارکردگی خواہ اچھی ہو یا بُری ہمیں آگے بڑھنے سے روک سکتی ہے کیونکہ ہم مستقبل کی بجائے ماضی پر زیادہ توجہ دے رہے ہوتے ہیں۔

ایک خاص وجہ کے تحت گاڑی کی ونڈ اسکرین بڑی اور عقبی شیشے چھوٹے رکھے جاتے ہیں۔ہمیں مختصر طور پر یہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ ہم کہاں پر موجود ہیں،لیکن ہماری بڑی صلاحیتیں ابھی ظاہر ہونے والی ہیں۔ اپنے ماضی کو اپنے مستقبل کا تعین نہ کرنے دیں۔ اپنا سر اوپر اُٹھائیں، آنکھیں کھولیں اور اپنے مستقبل کی طرف دیکھیں۔آپ کا عظیم ترین دن ابھی آنے والا ہے۔

آج کے لئے دعا: اے باپ! میری مدد کر کہ مَیں اپنا بہت زیادہ وقت اپنی ماضی کی کامیابیوں پر بھروسا کرنے یا ناکامیوں سے خوف زدہ ہونے میں نہ گزار دوں۔ مَیں گھڑی کی سوئیوں کو پیچھے گھما کر دوبارہ زندگی بسر نہیں کر سکتا یا اپنے ماضی کو تبدیل نہیں کر سکتا۔ مجھے معاف فرما جب مَیں تیرے تابع نہیں رہا اور اپنے آپ کو اور دوسروں کو مایوس کیا۔ مہربانی سے مجھے مستقبل کے لئے مقصد اور منصوبہ دے اور میرے تمام کاموں میں میری راہنمائی فرما۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

فلپیوں 13:3 ''اے بھائیو! میرا یہ گمان نہیں کہ پکڑ چکا ہوں بلکہ صرف یہ کرتا ہوں کہ جو چیزیں پیچھے رہ گئیں اُن کو بھول کر آگے کی چیزوں کی طرف ... دوڑا ہوا جاتا ہوں۔''

فلپیوں 13:4 ''جو مجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں مَیں سب کچھ کر سکتا ہوں۔''

# اکتوبر 11

''سفر آپ کا دوست ہے۔''

سفر ہمیں اپنی منزلِ مقصود کے لائق بناتا ہے۔ زندگی کے روز مرہ کے معمولی چیلنجوں میں بہتر بنے بغیر ہم غیر معمولی موقعوں کے اہل نہیں بن سکتے۔ زندگی کے روز مرہ کے مسائل ہماری روح کے لئے ورزش کا کام کرتے ہیں تاکہ وہ زندگی کے بڑے امتحانوں کے لئے تیار ہو جائے۔

یوسف، داؤد، روت، آستر، پطرس اور پولس اگر زندگی میں آنے والی رکاوٹوں اور دباؤ سے تیار نہ کئے جاتے تو اپنی زندگی کے عظیم ترین مقاصد پورے نہ کر پاتے۔ زندگی کا سفر آپ کا دشمن نہیں بلکہ دوست ہے۔ لہٰذا شکایت کرنا چھوڑ دیں اور آگے بڑھنا شروع کریں۔

آج کے لئے دعا: پیارے خدا! مجھے معاف کر جب مَیں زندگی کے سفر کے لئے شکایت کرنے لگا اور غصے میں آ گیا۔ مَیں جانتا ہوں کہ تیرے پاس میری زندگی کے لئے ایک منصوبہ ہے اور سب چیزیں مل کر بھلائی پیدا کرتی ہیں۔ حالات و واقعات کو سمجھنے میں میری مدد کر، برداشت کرنے کے لئے اپنا فضل دے اور اِس سفر کے لئے قوت دے۔ مَیں مٹی ہوں اور تُو میرا کمہار ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

یرمیاہ 11:29 ''کیونکہ مَیں تمہارے حق میں اپنے خیالات کو جانتا ہوں خداوند فرماتا ہے یعنی سلامتی کے خیالات۔ برائی کے نہیں تاکہ تم کو نیک انجام کی اُمید بخشوں''۔

رومیوں 28:8 ''ہم کو معلوم ہے کہ ساری چیزیں مل کر خدا سے محبت رکھنے والوں کے لئے بھلائی پیدا کرتی ہیں یعنی اُن کے لئے جو خدا کے ارادے کے موافق بلائے گئے ہیں''۔

# 12 اکتوبر

''تاریکی کو بُرا بھلا کہنے سے تبدیلی نہیں آتی ... چراغ روشن کریں''۔

لوگوں یا منصوبوں میں پائی جانے والی بظاہر خامیوں کی نشاندہی کرنے اور اُن کے متعلق بڑبڑانے کے لئے کسی قسم کی قابلیت کی ضرورت نہیں۔ آزمائش یہ ہے کہ ہم پریشانیوں کو اپنی گفتگو کی بنیاد بننے دیں۔ یہ طریقہ کار صحت مند تعلقات اور مسائل حل کرنے کے طریقہ کار کے برعکس ہے۔

بنی اسرائیل نے ہر اُس بات کے لئے بڑبڑانے اور شکایت کرنے کی بُری عادت اپنا لی جو اُنہیں پسند نہ آتی یا اُن کی خواہش کے مطابق نہیں تھی۔ جلد ہی وہ اپنے راہنماؤں کے ہر فیصلے کی مخالفت کرنے لگے اور اُن کی ترقی رُک گئی۔ تاریکی کو بُرا بھلا کہنے سے تبدیلی نہیں آتی... چراغ روشن کریں۔ ہمیں اپنا بہتر خیال مسئلے کا حل پیش کرنے کے لئے دینے کی ضرورت ہے اور اگر ہمارے پاس بہتر خیال نہیں تو پھر ہمیں ایسا کرنے والوں کی مدد کرنی چاہیئے۔

آج کے لئے دعا: اے خداوند! مَیں تجھ پر بھروسا رکھتا ہوں۔ میری مدد کر کہ مَیں شکایت کرنے والا نہ بنوں۔ مجھے اچھے خیالات اور مسائل کا حل دے جن سے حالات بہتر ہوں اور پھر مجھے سامعین دے، بزرگوں اور اپنے ہم عمر افراد کے لئے عزت دے تاکہ مَیں حلیمی سے اُنہیں یہ خیالات دے سکوں۔ مجھے اپنے کام کے لئے مفید بنا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

فلپیوں 14:2 ''سب کام شکایت اور تکرار بغیر کیا کرو''۔

لوقا 15:21 ''کیونکہ مَیں تمہیں ایسی زبان اور حکمت دُوں گا کہ تمہارے کسی مخالف کو سامنا کرنے یا خلاف کہنے کا مقدور نہ ہو گا''۔

زبور 111:119 ''مَیں نے تیری شہادتوں کو اپنی ابدی میراث بنایا ہے کیونکہ اُن سے میرے دل کو شادمانی ہوتی ہے''۔

# 13 اکتوبر

''لوگ منتظر ہوتے ہیں کہ خدا کچھ کرے جب کہ خدا انتظار کر رہا ہوتا ہے کہ لوگ آگے بڑھیں''۔

توجہ طلب کام کو نظر انداز کرنے سے وہ کام خود بخود نہیں ہو جاتا اور نہ ہی وہ کام خدا پر چھوڑنے سے پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے جس کے لئے خدا توقع رکھتا ہے کہ آپ اُس میں مددگار بنیں گے۔ 2۔سلاطین 7 باب کے چار کوڑھیوں کی طرح اپنی جگہ پر بیٹھے رہنے سے مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ خدا ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم زندگی کے اِس مہماتی سفر پہ اُس کے ساتھ مل کر کام کریں۔ آگے بڑھتے اور دُشمن کا سامنا کئے بغیر ہم کبھی بھی فتح کا تجربہ نہیں کر سکتے۔

لوگ منتظر ہوتے ہیں کہ خدا کچھ کرے جب کہ خدا انتظار کر رہا ہوتا ہے کہ لوگ آگے بڑھیں۔ خدا ہماری معمولی تاہم مخلص کوششوں کو بھی قبول کرنے اور کامیاب بنانے کے لئے تیار ہے۔ چونکہ ہم جو بوتے ہیں وہی کاٹتے ہیں اِس لئے لازم ہے کہ ہم نہ صرف کلام سننے والے بلکہ اُس پر عمل کرنے والے بنیں۔

آج کے لئے دعا: اے باپ! مَیں تیرے کلام کو محض سننے والا نہیں بلکہ اُس پر عمل کرنے والا بننا چاہتا ہوں۔ مہربانی سے میری مدد کر کہ مَیں قدم اُٹھانے والا شخص بنوں۔ مجھے آگے بڑھنے کے لئے علم اور تحریک عطا کر۔ مجھے اپنے پاک روح کا ہم خدمت بنا دے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

2۔سلاطین 3:7 ''اور اُس جگہ جہاں سے پھاٹک میں داخل ہوتے تھے چار کوڑھی تھے۔ اُنہوں نے ایک دوسرے سے کہا ہم یہاں بیٹھے بیٹھے کیوں مریں''۔

یعقوب 25:1 ''لیکن جو شخص آزادی کی کامل شریعت پر غور سے نظر کرتا رہتا ہے وہ اپنے کام میں اِس لئے برکت پائے گا کہ سن کر بھولتا نہیں بلکہ عمل کرتا ہے''۔

# 14 اکتوبر

''جانشین کے بغیر کامیابی دیرپا نہیں ہوتی''۔

آپ کا تمام علم اور تجربہ آپ کے ساتھ کیوں قبر میں دفن ہو جائے؟ زندگی ڈنڈا دوڑ ( Relay Race) کی طرح ہے۔ یہ ٹیم کی صورت میں کھیلا جانے والا کھیل ہے جس میں کوئی بھی کھلاڑی اپنی ٹیم بغیر جیت نہیں سکتا۔ ہرشخص کی ذمہ داری ہے کہ وہ اگلی باری کے لئے دوڑنے والوں کو تحریک دے اور اپنی دوڑ کے دوران ہی ذمہ داری کا عصا اُنہیں سونپ دے۔

آج کے دَور میں اِنفرادی کامیابی پر بہت زیادہ زور دیا جا رہا ہے اور ایسی صورتِ حال میں یہ حیرت کی بات نہیں کہ ہمارے معاشرے میں حسد، رشک اور لالچ سرایت کرتا جا رہا ہے۔ ایک لمحے کے لئے غور کریں کہ آپ کی قائم رہنے والی کامیابی کیا ہو گی؟ کسی کو شاگرد بنائیں۔ اصلاح کار بنیں۔ اگلی باری کے لئے ایک قابل دوڑنے والا تیار کریں۔ ذمہ داری کا عصا اگلی نسل کو منتقل کریں۔ ایک جانشین کے بغیر کوئی کامیابی دیرپا نہیں ہوتی۔

آج کے لئے دعا: اے خدا باپ! مجھے کوئی شاگرد دے جسے مَیں اپنا علم اور تجربہ سکھا سکوں۔ مجھے اصلاح کار بننا سکھا۔ زندگی اور ابدیت کے متعلق جو کچھ مَیں نے سیکھا ہے وہ مَیں دوسروں کو سکھا سکوں جو میری جگہ کام کر سکیں۔ میری مدد کر کہ مَیں مثبت طور پر کسی زندگی کو متاثر کر سکوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

متی 20-18:28 ''یسوع نے پاس آ کر اُن سے باتیں کیں اور کہا کہ آسمان اور زمین کا کل اِختیار مجھے دیا گیا ہے۔ پس تم جا کر سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو اور اُن کو یہ تعلیم دو کہ اُن سب باتوں پر عمل کریں جن کا مَیں نے تم کو حکم دیا اور دیکھو مَیں دنیا کے آخر تک ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔''

2۔ تیمتھیس 2:2 ''اور جو باتیں تُو نے بہت سے گواہوں کے سامنے مجھ سے سنی ہیں اُن کو ایسے دیانت دار آدمیوں کے سپرد کر جو اَوروں کو بھی سکھانے کے قابل ہوں۔''

# اکتوبر 15

''خدا کے پاس ایک منصوبہ ہے جس میں وہ ضرور کامیاب ہو گا اور ہمارے پاس اُس میں شامل ہونے کا موقع ہے۔''

کنوئیں سے فوطیفار کے گھر تک اور قیدخانے سے محل تک یوسف اپنی زندگی کے لئے خدا کے منصوبے سے کبھی باہر نہ ہوا۔ داؤد نے بھی اِسرائیل کے بادشاہ بننے کے طویل اور ناہموار راستے پر سفر کیا۔ مشکل اور مصیبت کے وقت یہ تصور کرنا بھی محال ہوسکتا ہے کہ اِس سے کوئی بھلائی پیدا ہو گی۔

تاہم اگر ہم مسیح میں ہیں تو ہم نے ایمان رکھنا ہے کہ خدا کے پاس ایک منصوبہ ہے جس میں وہ ضرور کامیاب ہو گا اور ہم نے شکرگزار ہونا ہے کہ ہم اُس کے منصوبے میں شامل ہو سکتے ہیں۔ جب ہم زندگی میں مشکل صورتِ حال کا سامنا کر رہے ہوں تو ہمارا موزوں ردِعمل یہ ہے کہ ہم خدا پر بھروسا رکھیں اور اُس کے تابع رہیں۔

آج کے لئے دعا: اے خدا! مَیں اپنے لئے، اپنے خاندان اور مستقبل کے لئے تیرے منصوبے کو سمجھنے کا آغاز کیسے کر سکتا ہوں، میری مدد فرما۔ مہربانی سے مجھ پر اور میرے عزیزوں پر رحم کر۔ یاد رکھ کہ ہم تیرے ہاتھوں میں مٹی کے کمزور برتن ہیں۔ ہمیں برائی سے بچا اور اپنے جلال کے لئے استعمال کر۔ میری نہیں بلکہ ہمیشہ تیری مرضی پوری ہو۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

پیدائش 8:45 ''پس تم نے نہیں بلکہ خدا نے مجھے یہاں بھیجا اور اُس نے مجھے گویا فرعون کا باپ اور اُس کے سارے گھر کا خداوند اور سارے ملکِ مصر کا حاکم بنایا۔''

متی 39:26 ''پھر ذرا آگے بڑھا اور منہ کے بل گر کر یوں دعا کی کہ اے میرے باپ اگر ہو سکے تو یہ پیالہ مجھ سے ٹل جائے تو بھی نہ جیسا مَیں چاہتا ہوں بلکہ جیسا تُو چاہتا ہے ویسا ہی ہو۔''

رومیوں 30,29:8 ''کیونکہ جن کو اُس نے پہلے سے جانا اُن کو پہلے سے مقرر بھی کیا کہ اُس کے بیٹے کے ہم شکل ہوں تا کہ وہ بہت سے بھائیوں میں پہلوٹھا ٹھہرے اور جن کو اُن نے پہلے سے مقرر کیا اُن کو بلایا بھی اور جن کو بلایا اُن کو راست باز بھی ٹھہرایا اور جن کو راست باز ٹھہرایا اُن کو جلال بھی بخشا۔''

# اکتوبر 16

''زندگی کے کئی چیلنجوں سے صرف حقائق کا سامنا کرنے اور سچائی بتانے سے نپٹا جا سکتا ہے۔''

حقائق کڑوے، تکلیف دِہ اور مایوس کن ہو سکتے ہیں اور ہو سکتا ہے وہ آپ ہی کو موردِ الزام ٹھہراتے ہوں۔ تاہم مکمل رہائی کے لئے ہم نے خدا کے نقطۂ نظر سے (نہ کہ اپنے نقطۂ نظر سے) حقائق کا سامنا کرنا اور سچائی کا اِظہار کرنا ہے۔

یہ بات یقینی ہے کہ حالات خراب ہو سکتے ہیں اور ہم اپنے آپ کو اور دوسروں کو مایوس کر سکتے ہیں۔ لیکن خدا اُس وقت بھی وفادار رہتا ہے جب لوگ بے وفا ہو جاتے ہیں۔ اُس کے پاس آپ کے لئے پیغام ہے۔ آپ کی موجودہ صورتِ حال کے لئے بائبل میں یہ پیغام موجود ہے۔ آپ حقائق کا سامنا کر سکتے اور اپنی زندگی پر خدا کے کلام کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔

آج کے لئے دعا: اے باپ! مَیں جانتا ہوں کہ تُو مجھ سے محبت رکھتا ہے اور کبھی بھی مجھ سے دست بردار نہیں ہو گا۔ مجھے اپنا کلام سکھا۔ مجھے فضل دے کہ مَیں اپنے خیال اور اندیشوں یا دوسروں کی باتوں سے زیادہ تیرے کلام پر بھروسا کروں۔ جب مَیں تیرے روح کی تلوار سے دشمنوں کا سامنا کروں تو مجھے دلیری عطا کر تا کہ مَیں ایمان سے تیرے کلام کا دعویٰ کر سکوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

یوحنا 17:17 ''اُنہیں سچائی کے وسیلہ سے مقدس کر۔ تیرا کلام سچائی ہے۔''

اِفسیوں 17:6 ''اور نجات کا خود اور روح کی تلوار جو خدا کا کلام ہے لے لو۔''

عبرانیوں 35:10 ''پس اپنی دلیری کو ہاتھ سے نہ دو۔ اِس لئے کہ اِس کا بڑا اجر ہے۔''

# اکتوبر 17

''ہوسکتا ہے آپ کو ابھی صحیح کام کرنے کی قیمت ادا کرنی پڑے، لیکن ہمیشہ ایسا نہیں ہوگا۔''

کیا آپ کبھی اِس بات پر حیران ہوئے ہیں کہ جب ایک روح اِس دنیا سے رُخصت ہوتی ہے تو ایک لمحے کے بعد اُس کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟ لوگ کئی وجوہات پیش کرتے ہیں کہ وہ ایسا کام کیوں نہ کر پائے جسے وہ درست سمجھتے تھے۔ بیشتر دلائل یہ ہوتے ہیں کہ وہ اُس قیمت سے بچنا چاہتے تھے جو درست کام یا فیصلہ کرنے کی صورت میں اُنہیں فوری طور پر ادا کرنی تھی۔

اُن کا کہنا بجا ہے! صحیح کام کرنے کی قیمت ادا کرنی پڑسکتی ہے اور ہوسکتا ہے آپ کو وہ قیمت ابھی ادا کرنی ہو۔ تاہم صحیح کام کو التوا میں ڈالنے کی قیمت کہیں زیادہ ہوسکتی ہے۔ ہمیں اپنے حال کے لئے مستقبل یا مستقبل کے لئے حال کو قربان کرنا پڑے گا۔ فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے!

آج کے لئے دعا: اے خدا! میرے خوف و اندیشے دُور کر اور کاموں کو التوا میں ڈالنے کی عادت سے بچا۔ میری مدد کر کہ مَیں صحیح فیصلے کروں خواہ مجھے اِن کی عارضی قیمت ادا کرنی پڑے۔ مجھے قوت دے کہ مَیں سمجھوتا کرنے کی روح کے خلاف کھڑا رہ سکوں اور نتائج کے خوف کے بغیر تیرا وفادار رہوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

اِفسیوں 15:4 ''بلکہ محبت کے ساتھ سچائی پر قائم رہ کر اور اُس کے ساتھ جو سر ہے یعنی مسیح کے ساتھ پیوستہ ہوکر ہر طرح سے بڑھتے جائیں''۔

مرقس 35:8 ''کیونکہ جو کوئی اپنی جان بچانا چاہے وہ اُسے کھوئے گا اور جو کوئی میری اور اِنجیل کی خاطر اپنی جان کھوئے گا وہ اُسے بچائے گا۔''

اِستثنا 19:30 ''مَیں آج کے دن آسمان اور زمین کو تمہارے برخلاف گواہ بناتا ہوں کہ مَیں نے زندگی اور موت کو اور برکت اور لعنت کو تیرے آگے رکھا ہے۔ پس تُو زندگی کو اِختیار کر کہ تُو بھی جیتا رہے اور تیری اولاد بھی۔''

# اکتوبر 18

''جو آپ چاہتے ہیں اُسے نہ خرید سکنے کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ آپ کچھ اَور خرید چکے ہیں۔''

روپے پیسے کا ایک مسئلہ یہ ہے کہ یہ صرف ایک ہی مرتبہ خرچ کیا جا سکتا ہے۔ مزید خرچ کرنے کے لئے آپ کو مزید روپے کی ضرورت ہو گی۔ ہم اکثر یہ سمجھ نہیں پاتے کہ کسی ایک چیز کو خریدنے کا مطلب ہے کہ ہم دوسری کو رڈّ کر رہے ہیں۔ بغیر سوچے سمجھے یا کسی دباؤ کے تحت خریداری کرنا شاذ و نادر ہی وسائل کی بہتر سرمایہ کاری ہوتی ہے۔ خدا ہم سے اچھے مختار بننے کی توقع رکھتا ہے اور ہم نے نہ صرف اُس کے وسائل بلکہ جنہیں ہم اپنا سمجھتے ہیں اُنہیں بھی دانش مندی سے خرچ کرنا ہے۔

بیشتر اوقات ہم وہ چیز نہیں خرید پاتے جو ہم چاہتے ہیں کیونکہ ہم پہلے ہی کچھ اَور خرید چکے ہوتے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ جو کچھ ہم نے پہلے خریدا ہو اب وہ ہماری خواہش نہ ہو یا اب ہم اُسے اِتنا پسند نہیں کرتے جتنا پہلے کرتے تھے۔ ہمیں اپنے وسائل خرچ کرنے کی عادت پر قابو پانے کی ضرورت ہے۔ کیا یہ عادت آپ کے کنٹرول میں ہے یا وہ آپ کو کنٹرول کر رہی ہے؟ خدا آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

آج کے لئے دعا: اے باپ! مجھے زندگی کی اُلجھنوں خاص طور پر مالی معاملات سے متعلقہ اُلجھنوں سے رہائی بخش۔ مہربانی سے مجھے اپنے وسائل خرچ کرنے کا طریقہ کار بتا تاکہ مَیں تیری برکات کا اچھا مختار بن جاؤں۔ میرے کھتے اپنی دولت سے بھر دے اور مجھے دوسروں کے لئے باعثِ برکت بنا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

اَمثال 4:10 ''جو ڈھیلے ہاتھ سے کام کرتا ہے کنگال ہو جاتا ہے، لیکن محنتی کا ہاتھ دولت مند بنا دیتا ہے۔''

اَمثال 22:10 ''خداوند ہی کی برکت دولت بخشتی ہے اور وہ اُس کے ساتھ دُکھ نہیں ملاتا۔''

اَمثال 10,9:3 ''اپنے مال سے اور اپنی ساری پیداوار کے پہلے پھلوں سے خداوند کی تعظیم کر۔ یوں تیرے کھتے خوب بھرے رہیں گے اور تیرے حوض نئی مے سے لبریز ہوں گے۔''

# 19 اکتوبر

''ہوسکتا ہے آپ کو تبدیلی دِکھائی نہ دے رہی ہو تاہم تبدیلی جاری رہی ہے۔''

کیا آپ کو کبھی کسی ایسی جگہ جانے کا موقع ملا جہاں آپ دس سال یا اِس سے زیادہ عرصہ پہلے گئے تھے؟ شاید آپ کسی پرانے دوست سے ملے ہوں جو آپ کو پہچان نہیں سکا۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ وقت کے ساتھ آنے والی تبدیلیاں اُن لوگوں کو محسوس نہیں ہوتیں جو روز بروز اُنہیں دیکھتے ہیں۔ دیر بعد اُنہیں دیکھنے والے کے لئے وہ نہایت حیران کن اور بہت بڑی ہوتی ہیں۔ ہماری روحانی زندگی میں بھی یہی اُصول کارفرما ہے جیسے کہ ہم ہر روز خدا کا کلام پڑھتے ہیں، دعا کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں اور لگاتار خداوند کی خدمت کرتے رہتے ہیں۔ اگرچہ ہمیں اپنی زندگی اور اپنے خاندان اور دوستوں کی زندگیوں میں آنے والی روحانی تبدیلیاں دِکھائی نہ دیں، لیکن ہم سب تبدیل ہو رہے ہیں۔ مایوس نہ ہوں اور نہ ہی شیطان کو اپنے دل میں یہ خیال ڈالنے کی اِجازت دیں کہ آپ کا خدا کے ساتھ بلاناغہ وقت گزارنا بے پھل ہے۔ آپ اور آپ کے گرد رہنے والے لوگ خدا کی کامل شریعت پر دھیان دینے اور اپنی زندگیوں پر اُس کا اطلاق کرنے سے مسلسل تبدیل ہو رہے ہیں۔ یہ تبدیلی اکثر وہ لوگ واضح طور پر دیکھ پاتے ہیں جو ایک عرصے سے آپ کو نہیں مل سکے۔

آج کے لئے دعا: اے باپ! مَیں اپنی زندگی اور اپنے خاندان اور دوستوں کی زندگیاں تیرے سپرد کرتا ہوں۔ مَیں جانتا ہوں کہ تیرا پاک روح اور کلام میری زندگی میں کام کر رہا ہے اور مَیں ہر روز تیرے پیارے بیٹے کا ہم شکل بن رہا ہوں۔ مَیں اِس کام کے لئے تیرا شکر گزار ہوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

رومیوں 2,1:12 ''پس اے بھائیو، مَیں خدا کی نعمتیں یاد دِلا کر تم سے التماس کرتا ہوں کہ اپنے بدن ایسی قربانی ہونے کے لئے نذر کرو جو زندہ اور پاک اور خدا کو پسندیدہ ہو۔ یہی تمہاری معقول عبادت ہے اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صورت بدلتے جاؤ تاکہ خدا کی نیک اور پسندیدہ اور کامل مرضی تجربے سے معلوم کرتے رہو۔''

2۔ کرنتھیوں 18:3 ''مگر جب ہم سب کے بے نقاب چہروں سے خداوند کا جلال اِس طرح منعکس ہوتا ہے جس طرح آئینہ میں تو اُس خداوند کے وسیلہ سے جو روح ہے ہم اُسی جلالی صورت میں درجہ بدرجہ بدلتے جاتے ہیں۔''

# 20 اکتوبر

''گناہ کی قوت پوشیدہ رہنے میں ہے۔''

خدا نور ہے اُس میں تاریکی بالکل نہیں پائی جاتی۔ اُس کے پاس جانے والا تاریکی کا تجربہ نہیں کر سکتا۔ روشنی کی محض غیرموجودگی تاریکی ہے۔ گناہ کی حالت بھی ایسی ہی ہے۔ راست بازی کی غیرموجودگی گناہ ہے۔ جب ہم خدا کی راست بازی سے الگ ہو جاتے ہیں تو گناہ ظاہر ہوتا ہے۔ جب ہم خدا کے سامنے اُس گناہ کا اِقرار کرتے، توبہ کرتے اور راست باز ٹھہرنے کے لئے اُس کے پاس آ جاتے ہیں تو گناہ اپنی طاقت کھو دیتا ہے۔

جہاں روشنی نہیں وہاں گناہ آسانی سے چھپ جاتا ہے۔ گناہ کی قوت پوشیدہ رہنے میں ہے۔ گناہ کو اپنے اوپر حکمرانی کرنے نہ دیں۔ جب آپ گناہ کو خدا کے سامنے لائیں گے اور اپنی زندگی پر اُس کے کلام کی روشنی ڈالیں گے تو گناہ اپنی طاقت سے محروم ہو جائے گا۔

آج کے لئے دعا: پیارے آسمانی باپ! مَیں جانتا ہوں کہ مَیں گنہگار ہوں اور آج مَیں تیرے سامنے گناہوں کا اِقرار کرتا ہوں۔ مَیں اُنہیں چھوڑتا اور اُن سے توبہ کرتا ہوں۔ اے خداوند! مجھے معاف کر اور تمام ناراستی سے پاک کر۔ اپنے کلام کے صاف پانی سے مجھے دھو اور گناہ کا اِختیار مجھ پر باقی نہ رہے۔ خداوند تیرا شکر ہو۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

یوحنا 20:3 ''کیونکہ جو کوئی بدی کرتا ہے وہ نور سے دشمنی رکھتا ہے اور نور کے پاس نہیں آتا ایسا نہ ہو کہ اُس کے کاموں پر ملامت کی جائے۔''

رومیوں 14:6 ''اِس لئے کہ گناہ کا تم پر اِختیار نہ ہوگا کیونکہ تم شریعت کے ماتحت نہیں بلکہ فضل کے ماتحت ہو۔''

1۔ یوحنا 10,9:1 ''اگر اپنے گناہوں کا اِقرار کریں تو وہ ہمارے گناہوں کے معاف کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچا اور عادل ہے۔ اگر کہیں کہ ہم نے گناہ نہیں کیا تو اُسے جھوٹا ٹھہراتے ہیں اور اُس کا کلام ہم میں نہیں۔''

# اکتوبر 21

''ہوسکتا ہے ہماری زندگی میں نہایت اہم اور مفید کام ہمیں پہلی نظر میں خوف ناک اور ناجائز بوجھ محسوس ہوا ہو۔''

ایک دن ایک آدمی اپنے دو نوجوان بیٹوں کو شہر لے گیا۔ سارا دن وہ اپنے باپ کو کام کرتے اور تاجروں سے لین دین کرتے ہوئے دیکھتے رہے۔ دوپہر کا کھانا اُنہوں نے قدرے تاخیر سے کھایا اور پھر باپ نے سارے دن کے متعلق اُن سے گفتگو کی۔ درحقیقت وہ اُن کو تیار کر رہا تھا تاکہ ایک دن وہ اُس کا کاروبار سنبھال سکیں۔

گلیوں میں سے گزرتے ہوئے اُنہوں نے دیکھا کہ سپاہی ایک سزا یافتہ شخص کو لے جا رہے ہیں۔ جب کہ وہ شخص اپنا بوجھ نہیں اُٹھا رہا تھا۔ بیٹوں نے دیکھا کہ سپاہی اُن کے باپ کو حکم دے رہے ہیں کہ وہ اُس شخص کی صلیب اُٹھائے۔ ہوسکتا ہے شمعون کرینی کی طرح ہماری زندگی کا نہایت اہم اور مفید کام ہمیں خوف ناک اور ناجائز بوجھ محسوس ہو۔ روایت ہے کہ بعد میں شمعون کے بیٹے ابتدائی کلیسیا میں راہنما بنے۔

آج کے لئے دعا: پیارے خداوند! میری مدد فرما کہ جب مجھے کسی کا بوجھ اُٹھانا پڑے تو مَیں شکایت نہ کروں۔ مجھے اپنی قوت اور ترس دے تاکہ مَیں تیری اور تیرے لوگوں کی ہمیشہ خدمت کرسکوں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

متی 32:27 ''جب باہر آئے تو اُنہوں نے شمعون نام ایک کرینی آدمی کو پا کر اُسے بیگار میں پکڑا کہ اُس کی صلیب اُٹھائے۔''

گلتیوں 2:6 ''تم ایک دوسرے کا بار اُٹھاؤ اور یوں مسیح کی شریعت کو پورا کرو۔''

# 22 اکتوبر

''خدا آپ کو اُتنا ہی دے گا جتنا وہ آپ کے وسیلے سے دے سکتا ہے۔''

کیا آپ نے کبھی محسوس کیا ہے کہ آپ کی زندگی کے چشمے رُک گئے ہیں؟ جیسے کہ خدا کی حضوری اور برکات کا بہاؤ تھم گیا ہو؟ مالی وسائل، مکاشفہ، حکمت یا شادمانی ہو ـــــ خدا راست رو کو کسی اچھی نعمت سے محروم نہیں رکھتا۔ شاید آپ کو اپنا جائزہ لینا چاہئے۔

خدا کے کلام کے یقینی اُصولوں میں سے ایک یہ ہے کہ وہ آپ کو اُتنا ہی دے گا جتنا وہ آپ کے وسیلے سے دے سکتا ہے۔ اپنے آپ کو پرکھتے ہوئے اِس بات پر ضرور غور کریں کہ آپ نے اپنے وسیلے سے خدا کی بھلائی کے بہاؤ میں رکاوٹ تو نہیں ڈالی۔ بیشتر اوقات ہم اپنی زندگی کے سمندر میں تازہ پانی اُس وقت شامل کر سکتے ہیں جب ہم اِس میں سے صاف اور تازہ پانی کو آزادی سے بہنے دیتے ہیں۔ آپ کو اِس سے بڑھ کر کیا چاہئے؟ دوسروں کی ضرورتیں پوری کریں تو خدا آپ کی ضرورتیں یقینی طور پر پوری کرے گا۔

آج کے لئے دعا: اے خداوند! مَیں باعثِ برکت بننا چاہتا ہوں۔ مَیں تیری راہنمائی سے اپنا وقت، صلاحیت اور وسائل تیرے لئے وقف کروں گا۔ اپنا آسمان کھول کر اپنی برکات مجھ پر برسا۔ مجھے فضل دے کہ مَیں تیرے اِطمینان اور حضوری کو پا لوں۔ مجھے اپنے زندہ کلام کی تعلیم دے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

لوقا 38:6 ''اچھا پیمانہ داب داب کر اور ہلا ہلا کر اور لبریز کر کے تمہارے پلے میں ڈالیں گے۔ کیونکہ جس پیمانہ سے تم ناپتے ہو اُسی سے تمہارے لئے ناپا جائے گا۔''

اَمثال 17:19 ''جو مسکینوں پر رحم کرتا ہے خداوند کو قرض دیتا ہے اور وہ اپنی نیکی کا بدلہ پائے گا۔''

اِفسیوں 8:6 ''کیونکہ تم جانتے ہو کہ جو کوئی جیسا اچھا کام کرے گا خواہ غلام ہو خواہ آزاد خداوند سے ویسا ہی پائے گا۔''

# اکتوبر 23

''خدا کے لئے اپنے موزوں ردِّعمل پر توجہ دیں۔''

خدا ہم سے بہت سی باتوں کی توقع رکھتا ہے۔ اُس نے ہمیں تعلیم دینے، راہنمائی کرنے اور ہمارے تحفظ کے لئے اپنا بیٹا، اپنا کلام اور اپنا روح عطا کیا۔ اُس کے احکام پر عمل نہ کرنے کے لئے ہمارے پاس کوئی عذر نہیں۔ زندگی کے کسی بھی قسم کے حالات ہمیں خدا کے کلام کو نظر انداز کرنے کا حق نہیں دیتے۔ ہم دوسروں کے اعمال کے باعث اِس بات کا یقین نہیں کر سکتے کہ ہم کس قدر دین داری کا مظاہرہ کریں گے۔

جب ہم زندگی میں آنے والی آزمائشوں، مسائل، مصائب اور اِمتحانوں کا سامنا کریں تو ہم نے خدا کے لئے اپنے موزوں ردِّعمل پر بھرپور توجہ دینی ہے۔ اپنے آپ سے سوال کریں ''اگر یسوع میری جگہ ہوتا تو وہ کیا کرتا؟'' یہ کسی بھی مسئلے سے نپٹنے کا موزوں طریقہ ہے۔

آج کے لئے دعا: اے باپ! مَیں اپنے آپ اور دوسروں کی بجائے تجھے خوش کرنا چاہتا ہوں۔ اے خداوند میری مدد کر کہ مَیں زندگی کے مسائل میں تیرے کلام سے راہنمائی پاؤں۔ مجھے سکھا کہ مَیں زندگی کی ہر صورتِ حال میں دوسروں کو دیکھ کر نہ چلوں بلکہ اِس بات پر توجہ دوں کہ تیرے لئے میرا ردِّعمل موزوں ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

رومیوں 14:10-12 ''مگر تُو اپنے بھائی پر کس لئے الزام لگاتا ہے؟ یا تُو بھی کس لئے اپنے بھائی کو حقیر جانتا ہے؟ ہم تو سب کے خدا تختِ عدالت کے سامنے کھڑے ہوں گے۔ چنانچہ یہ لکھا ہے کہ خداوند فرماتا ہے مجھے اپنی حیات کی قسم ہر ایک گھٹنا میرے آگے جھکے گا اور ہر ایک زبان خدا کا اِقرار کرے گی۔ پس ہم میں سے ہر ایک خدا کو اپنا حساب دے گا۔''

# اکتوبر 24

''ہمارا طرزِ زندگی ہمارے ایمان کو ظاہر کرتا ہے''

جو کچھ ہمارے پاس ہے اُس کے ساتھ ہمارا برتاؤ اِس بات کا تعین کرتا ہے کہ ہم کون ہیں اور ہمارا ایمان کیا ہے۔ کوئی شخص اُس وقت تک آپ کے علم کی قدر نہیں کرے گا جب تک یہ نہ جان لے کہ آپ خود اپنے علم کے قدر دان ہیں۔ فریب نہ کھائیں۔ ایک شخص اُس چیز کے لئے جان نہیں دے سکتا جس کے لئے وہ زندگی بسر نہ کرتا ہو۔

ہمارا طرزِ زندگی ہمارے ایمان کو ظاہر کرتا ہے۔ آپ اپنی کہانی مرتب کر رہے ہیں جسے ایک دن آپ کے پوتے پوتیاں اور نواسے، نواسیاں دوسروں کو سنائیں گے۔ اپنے ہر فیصلے کے ساتھ آپ اِس کہانی میں ایک نیا باب شامل کرتے ہیں۔ لہٰذا دانش مندی سے فیصلے کریں۔

آج کے لئے دعا: اے خدا تیرا فرمان ہے کہ دانش مند آدمی اپنی اولاد کی اولاد کے لئے میراث چھوڑتا ہے اور نیک نامی سونے چاندی سے بڑھ کر ہے۔ اے باپ میری درخواست ہے کہ میری زندگی کی کہانی ایک ایسے شخص کی ہو جسے تُو نے برکت دی ہو اور وہ تیری طرف سے دوسروں کے لئے بابرکت ہو۔ میری راہنمائی فرما کہ مَیں اپنی زندگی کو قابلِ بھروسا کیسے بناؤں۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

اَمثال 22:1 ''نیک نام بے قیاس خزانہ سے اور احسان سونے چاندی سے بہتر ہے۔''

اَمثال 13:22 ''نیک آدمی اپنے پوتوں کے لئے میراث چھوڑتا ہے۔ پر گنہگار کی دولت صادقوں کے لئے فراہم کی جاتی ہے۔''

1۔ یوحنا 3:7 ''اے بچو! کسی کے فریب میں نہ آنا۔ جو راست بازی کے کام کرتا ہے وہی اُس کی طرح راست باز ہے۔''

# اکتوبر 25

''خدا تقاضا کرتا ہے کہ ہم اپنے لئے ہونے والے معجزے میں شامل ہوں۔''

صرف ایک پیالہ تیل رکھنے والی بیوہ (2۔سلاطین 4 باب) سے لے کر نعمان کوڑھی (2۔سلاطین 5 باب) تک خدا ہم سے توقع رکھتا ہے کہ ہم اُس پر بھروسا رکھیں اور اُس کے کلام پر عمل کریں۔ ہم جہاں ہیں اور جو کچھ ہمارے پاس ہے اُسی کے ساتھ ہم نے بہترین کام کرنے کی کوشش کرنی ہے۔ خدا ہماری ضرورت پوری کرے گا اور تبدیلی لائے گا۔

خدا تقاضا کرتا ہے ہم اپنے لئے ہونے والے معجزے میں شامل ہوں۔ ہم نے وفاداری سے خدا کا کام کرنا ہے نہ کہ محض اُس کی باتیں سننے والے بننا ہے۔ خدا ہمارے ہاتھوں کی محنت پر برکت ڈالے گا تا کہ ہمارا ہر کام ترقی کرے۔

آج کے لئے دعا: اے خدا! میرے ہاتھوں کی محنت پر برکت ڈال۔مَیں عہد کرتا ہوں کہ مَیں اپنے کاموں میں سُستی نہیں کروں گا یا اُنہیں التوا میں نہیں ڈالوں گا۔ بلکہ جہاں مَیں ہوں اور جو کچھ میرے پاس ہے اُسی کے ساتھ بہترین کام کرنے کی کوشش کروں گا۔معجزانہ طریقوں سے میری مدد کر۔ اپنی کثرت کی برکات سے مجھے آگے بڑھا۔آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

زبور 1:127''اگر خداوند ہی گھر نہ بنائے تو بنانے والوں کی محنت عبث ہے۔ اگر خداوند ہی شہر کی حفاظت نہ کرے تو نگہبان کا جاگنا عبث ہے''۔

1۔کرنتھیوں 58:15''پس اے میرے عزیز بھائیو! ثابت قدم اور قائم رہو اور خداوند کے کام میں ہمیشہ افزایش کرتے رہو کیونکہ یہ جانتے ہو کہ تمہاری محنت خداوند میں بے فائدہ نہیں ہے''۔

زبور 3:1''وہ اُس درخت کی مانند ہو گا جو پانی کی ندیوں کے پاس لگایا گیا ہے جو اپنے وقت پر پھلتا ہے اور جس کا پتا بھی نہیں مرجھاتا۔سو جو کچھ وہ کرے بارور ہو گا''۔

# 26 اکتوبر

''فتح پانے سے یا قبول کئے جانے سے یسوع ہی خداوند ہو گا''۔

کائنات میں اُس قوت سے بڑی کوئی قوت نہیں جو باپ نے اپنے بیٹے یسوع کو عطا کی ہے۔ ایک دن ہر گھٹنا اُس کے سامنے جھکے گا اور ہر زبان اقرار کرے گی کہ یسوع ہی خداوند ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے جو ضرور پوری ہو گی۔

فتح پانے سے یا قبول کئے جانے سے یسوع ہی خداوند ہو گا۔ جو اُسے جانتے اور اُس سے محبت رکھتے ہیں وہ بغیر کسی خوف کے اپنی زندگیاں اُس کی خداوندیت کے سپرد کرتے ہیں۔ لیکن جو اپنی سرکشی اور بُرے ارادوں پر قائم رہتے ہیں وہ اُس عدالت کے منتظر رہیں جہاں کھوئے ہوئے انسانوں کی روحیں چلاّئیں گی کہ یسوع خداوند ہے! جس تعظیم کا وہ حق دار ہے آج ہی اُسے پیش کریں کیونکہ وہ تو ہر طرح سے فاتح ہے۔

آج کے لئے دعا: اے باپ! مَیں نے تیرے بیٹے کو اپنا نجات دہندہ قبول کیا ہے اور آج پھر مَیں اپنے اِس عہد کی تجدید کرتا ہوں۔ وہ میرا خداوند ہے۔ مَیں خوشی سے اُس کی اطاعت قبول کرتا اور اُس کی خدمت کرنے کا عہد کرتا ہوں۔ مَیں اُسے اپنا مالک مانتا اور اُس سے محبت رکھتا ہوں جو جلد میرا بادشاہ بن کر آنے والا ہے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

لوقا 46:6 ''جب تم میرے کہنے پر عمل نہیں کرتے تو کیوں مجھے خداوند خداوند کہتے ہو؟''

متی 21:7 ''جو مجھ سے اے خداوند اے خداوند! کہتے ہیں اُن میں سے ہر ایک آسمان کی بادشاہی میں داخل نہ ہو گا مگر وہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے''۔

فلپیوں 10:2-11 ''یسوع کے نام پر ہر ایک گھٹنا جھکے۔ خواہ آسمانیوں کا ہو، خواہ زمینیوں کا، خواہ اُن کا جو زمین کے نیچے ہیں اور خدا باپ کے جلال کے لئے ہر ایک زبان اقرار کرے کہ یسوع مسیح خداوند ہے''۔

# اکتوبر 27

''آپ نیچے گرنے سے نہیں بلکہ گرے رہنے سے ناکام ہوتے ہیں''۔

فرض کریں ہم چرچ جا رہے ہیں اور مَیں راستے میں کسی چیز سے ٹھوکر کھا کر گر جاتا ہوں۔ مجھے زیادہ چوٹ تو نہیں لگتی لیکن مَیں گرنے سے شرمندہ ہوتا ہوں۔ آپ مجھے اُٹھانے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن مَیں اپنی جگہ سے نہیں اُٹھتا اور بالآخر مَیں آپ کو مجبور کر دیتا ہوں کہ آپ اکیلے ہی چرچ چلے جائیں۔

اگلے اتوار آپ دوبارہ چرچ جا رہے ہوتے ہیں اور مجھے اُسی جگہ گرا ہوا دیکھتے ہیں۔ مَیں کچھ کمزور ہو گیا ہوں اور میرے کپڑے بھی میلے ہو رہے ہیں۔ مَیں اپنی ناکامی کے متعلق آپ کو بتاتے ہوئے کہتا ہوں، ''مَیں نے اُٹھنے کی پوری کوشش کی لیکن مَیں چرچ تک نہیں جا سکا''۔ آپ مجھے کیا نصیحت کریں گے؟ اپنے قدموں پر کھڑے ہو جاؤ۔ آپ نیچے گرنے سے نہیں بلکہ اُسی حالت میں رہنے سے ناکام شخص بنتے ہیں۔

آج کے لئے دعا: اے باپ! مجھے سکھا کہ مَیں تیری آنکھوں سے اپنے آپ کو دیکھ سکوں۔ مَیں تیرا فرزند ہوں جو چلنا اور زندگی کی دوڑ جیتنا سیکھ رہا ہے۔ ناکامی سے بچنے میں میری مدد کر۔ خاص طور پر اُس وقت جب مَیں گر جاؤں اور مجھے اُٹھنے کی ضرورت ہو۔ مَیں اُٹھوں اور آگے بڑھ سکوں۔ اے خداوند تیرا شکر ہو۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

زبور 37:23-24 ''انسان کی رَوِشیں خداوند کی طرف سے قائم ہیں اور وہ اُس کی راہ سے خوش ہے۔ اگر وہ گر بھی جائے تو پڑا نہ رہے گا کیونکہ خداوند اُسے اپنے ہاتھ سے سنبھالتا ہے''۔

امثال 24:16 ''کیونکہ صادق سات بار گرتا ہے اور پھر اُٹھ کھڑا ہوتا ہے، لیکن شریر بلا میں گر کر پڑا ہی رہتا ہے''۔

# اکتوبر 28

''جو دوزخ کی موجودگی کا یقین نہیں کرتے وہ اُن لوگوں کی نسبت کم نقصان دِہ ہو سکتے ہیں جو دوزخ کا یقین تو رکھتے ہیں لیکن دوسروں کو اُس سے خبردار کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے''۔

وہ کیسا خدا ہو گا جو آپ کو ایسی چیز سے بچانے کے لئے اپنے بیٹے کو صلیب جیسی اذیت ناک موت برداشت کرنے دے جس کا وجود ہی نہیں؟ میرے دوست! دوزخ حقیقی ہے۔ یہ آگ کی جھیل میں موت اور ابلیس کے فرشتوں کے ساتھ خدا سے ابدی جدائی ہے۔ جہاں وہ لوگ ہمیشہ کے لئے رہیں گے جنہوں نے اپنی زندگی میں یسوع کو خداوند ماننے سے انکار کر دیا۔

یہ ہر ایمان دار کا فرض ہے کہ وہ آسمان کی برکات (نہ کہ جہنم کی ہولناکیوں) اور وہاں جانے کے طریقہ کار کا گواہ بنے۔ جو دوزخ کی موجودگی کا یقین نہیں کرتے وہ اُن لوگوں کی نسبت کم نقصان دہ ہو سکتے ہیں جو دوزخ کا یقین تو رکھتے ہیں لیکن دوسروں کو اُس سے خبردار کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ جن لوگوں کے پاس روشنی ہے لازم ہے کہ وہ اُسے دوسروں کے لئے ابدی زندگی کی راہ پر چمکائیں۔ کیا آپ اپنی ذمہ داری نباہ رہے ہیں؟

آج کے لئے دعا: اے باپ! آج بہت سی روحیں تاریکی میں بیٹھی ہیں۔ مزدوروں کی ضرورت ہے۔ فصل کی کٹائی کے لئے دِلوں کو تیار کر اور اُنہیں کھیتوں میں بھیج۔ مجھے بتا کہ آج مَیں کس کے سامنے گواہی دُوں۔ میرے لئے دروازہ کھول اور مجھے صحیح الفاظ دے۔ مَیں مسیح کی خوش خبری سے نہیں شرماؤں گا۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

مکاشفہ 15:20 ''اور جس کسی کا نام کتابِ حیات میں لکھا ہوا نہ ملا وہ آگ کی جھیل میں ڈالا گیا''۔

لوقا 2:10 ''وہ اُن سے کہنے لگا کہ فصل تو بہت ہے لیکن مزدور تھوڑے ہیں اِس لئے فصل کے مالک کی منت کرو کہ اپنی فصل کاٹنے کے لئے مزدور بھیجے''۔

رومیوں 16:1 ''اِس لئے کہ وہ ہر ایک ایمان لانے والے کے واسطے پہلے یہودی پھر یونانی کے واسطے نجات کے لئے خدا کی قدرت ہے''۔

# اکتوبر 29

''آپ کی زندگی کے لئے خدا کی برکت کا خزانہ، آپ کی زندگی کے لئے خدا کی مرضی کے کھیت میں ہے''۔

آپ کی زندگی کے لئے خدا کے پاس ایک مرضی اور مقصد ہے۔ آپ کی نشوونما کے لئے یہ ایک پھل دار کھیت ہے۔ ہر شخص اور ہر محنت کے لئے برکت کی ایک جگہ اور اجر ہے۔ ابرہام نے خدا کو ''یہوواہ یری'' کہا۔ اِس نام کا صحیح مطلب ہے ''خداوند میرے لئے مہیا کرتا ہے''۔ یعنی ''خداوند کے پہاڑ پر مہیا کیا جائے گا''۔

خدا نے ہمارے لئے اُس جگہ مہیا کیا ہے جہاں وہ زندگی کے مختلف مراحل پر ہمیں رکھنا چاہتا ہے۔ آپ کی زندگی کے لئے خدا کی برکت کا خزانہ، آپ کی زندگی کے لئے خدا کی مرضی کے کھیت میں ہے۔ تاہم یہ بات ذہن میں رکھیں کہ جغرافیائی لحاظ سے شاذ و نادر ہی ایسا ہوتا ہے۔ ہوسکتا ہے آپ کو محض اپنے روپے اور شکرگزاری کے تعلق سے اپنی سوچ میں تبدیلی لانے کی ضرورت ہو۔

آج کے لئے دعا: اے باپ! مَیں چاہتا ہوں کہ میری زندگی میں تیری مرضی کو مرکزی مقام حاصل ہو۔ مجھے بتا کہ تُو مجھے کہاں رکھنا چاہتا ہے، مجھ میں کیا تبدیلی لانا چاہتا ہے اور کون سا کام کرانا چاہتا ہے۔ اپنے کلام، پاک رُوح اور خواب اور رُوَیا کے وسیلے سے مجھ سے بات کر۔ اپنی مرضی مجھ پر ظاہر کر۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

پیدائش 14:22 ''ابرہام نے اُس مقام کا نام یہوواہ یری رکھا چنانچہ آج تک یہ کہاوت ہے کہ خداوند کے پہاڑ پر مہیا کیا جائے گا''۔

1۔ سلاطین 9:17 ''اُٹھ اور صیدا کے صاریت کو جا اور وہیں رہ۔ دیکھ مَیں نے ایک بیوہ کو وہاں حکم دیا ہے کہ تیری پرورش کرے''۔

زبور 11:84 ''خداوند خدا آفتاب اور سپر ہے۔ خداوند فضل اور جلال بخشے گا۔ وہ راست رَو سے کوئی نعمت باز نہ رکھے گا''۔

# اکتوبر 30

''ہماری کرشماتی شخصیت نہیں بلکہ کردار خدا کی نظر میں قابلِ قدر ہے''۔

پُرکشش اور قائل کرنے والی شخصیت رکھنے والے لوگوں کے لئے ''کرشماتی'' اِصطلاح استعمال کی جاتی ہے۔ وہ جانتے ہیں کہ اُنہیں کیا چاہئے اور کس طرح اُسے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اُن کی مسکراہٹ، اعتماد اور سمجھ بوجھ کے باعث لوگ اُنہیں پسند کرتے ہیں۔ کرشماتی شخصیت رکھنے والے دوسروں کو اپنے پیروکار بنا لیتے ہیں۔

تاہم ہماری کرشماتی شخصیت نہیں بلکہ کردار خدا کی نظر میں قابلِ قدر ہے۔ اگرچہ کرشماتی خوبیوں کے باعث ہم کسی حد تک کامیابی، پہچان اور قبولیت حاصل کر سکتے ہیں لیکن اِس مقام پر قائم رہنے کے لئے کردار کی ضرورت ہے۔ مسیحی کردار کی نشوونما کے لئے ظاہری خوبیوں کی بجائے ایمان داری، صداقت، وفاداری اور مسیحی اخلاقیات زیادہ اہم ہیں۔ خدا ہمارے کردار پر نگاہ کرتا ہے۔

آج کے لئے دعا: پیارے خدا میری مدد کر کہ مَیں اپنے ہر قول وفعل میں تجھے خوش کروں۔ میرا کردار مسیح کی مانند بنا۔ میری زندگی کے حالات میرے ردِعمل کو ترتیب نہ دیں اور مَیں نہ ڈگمگاؤں اور نہ گروں۔ میرے دل کو اپنا گھر بنا لے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

متی 23:26-28 ''اے اندھے فریسی پہلے پیالے اور رکابی کو اندر سے صاف کر تاکہ اوپر سے بھی صاف ہو جائیں۔ اے ریاکار فقیہو اور فریسیو تم پر افسوس! کہ تم سفیدی پھری ہوئی قبروں کی مانند ہو جو اوپر سے تو خوبصورت دکھائی دیتی ہیں مگر اندر مُردوں کی ہڈیوں اور ہر طرح کی نجاست سے بھری ہیں۔ اِسی طرح تم بھی ظاہر میں تو لوگوں کو راست باز دکھائی دیتے ہو مگر باطن میں ریاکاری اور بے دینی سے بھرے ہو''۔

# اکتوبر 31

''بعض اوقات ہلکی سی نیند لینا نہایت دین دارانہ کام ہوسکتا ہے''۔

پوری بائبل میں جگہ بہ جگہ خدا کی حوصلہ افزائی بلکہ حکم ملتا ہے کہ اُس کے فرزند گاہے بگاہے آرام کرنے کی ضرورت کو سمجھیں۔ روزمرہ کے کاموں سے کچھ دیر فراغت پانے سے بڑھ کر کوئی بات ذہن اور جسم کو تروتازہ نہیں کرسکتی۔

انسانی تاریخ میں لوگ پہلے کبھی اِتنے مصروف نہیں تھے جتنے آج ہیں۔ وہ ایک کام سے دوسرے کام کی طرف بھاگ رہے ہوتے ہیں اور اُنہیں یقین ہوتا ہے کہ کسی دن اُن کی مصروفیت کم ہو جائے گی۔ اِس افراتفری میں جاب، سکول، خاندان، بلوں کی ادائیگی اور معاشرتی زندگی کی ذمہ داریاں مزید اضافہ کر دیتی ہیں۔ کیا یہ حیرانی کی بات ہے کہ ذہنی اور جسمانی دباؤ اور کمزوری آج سب سے زیادہ عروج پر ہے؟ بعض اوقات ہلکی سی نیند لینا نہایت دین دارانہ کام ہوسکتا ہے۔ کچھ دیر کے لئے اپنے کاموں کو چھوڑیں اور آرام کریں۔ یہ خدا کا طریقہ کار ہے۔

آج کے لئے دعا: پیارے خدا! مجھے معاف فرما کہ مَیں نے شخصی آرام اور فراغت کے پہلو میں تیری حکمت کی پیروی نہیں کی۔ میری مدد کر کہ مَیں اپنی مصروفیات کو ایک طرف رکھ کر کچھ دیر کے لئے زندگی کے سفر سے لطف اندوز ہوسکوں اور آنے والی ذمہ داریوں کے لئے تازہ دم ہوسکوں۔ میری زندگی سے دباؤ کو نکال دے اور اپنے اطمینان سے بھر دے۔ آمین

## آج کے لئے خدا کا کلام

متی 28:11 ''اے محنت اُٹھانے والو اور بوجھ سے دبے ہوئے لوگو سب میرے پاس آؤ مَیں تم کو آرام دوں گا''۔

لوقا 10:39-42 ''اور مریم نام اُس کی ایک بہن تھی۔ وہ یسوع کے پاؤں کے پاس بیٹھ کر اُس کا کلام سن رہی تھی لیکن مرتھا خدمت کرتے کرتے گھبرا گئی۔ پس اُس کے پاس آ کر کہنے لگی اے خداوند! کیا تجھے خیال نہیں کہ میری بہن نے خدمت کرنے کو مجھے اکیلا چھوڑ دیا ہے؟ پس اُسے فرما کہ میری مدد کرے۔ خداوند نے جواب میں اُس سے کہا مرتھا! مرتھا! تُو تو بہت سی چیزوں کی فکر و تردُّد میں ہے لیکن ایک چیز ضرور ہے اور مریم نے وہ اچھا حصہ چن لیا ہے جو اُس سے چھینا نہ جائے گا''۔

زبور 127:2 ''تمہارے لئے سویرے اُٹھنا اور دیر میں آرام کرنا اور مشقت کی روٹی کھانا عبث ہے''۔